# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SRA/08 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | ذیلی حلقہ | | | شعبہ (Department) | رمضان اعتکاف |
| منصب (Designation) | ذیلی حلقہ ذمہ دار | | | جوابدہ (Report to) | وارڈ ذمہ دار |
| کام (Function) | عاشقانِ رسول کو شرعی و تنظیمی طریقہ کار کے مطابق رمضان شریف میں پورے ماہ، آخری عشرے اور آخری 3 دن کا نفلی / سنت اعتکاف کروانا | | | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. ذیلی سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. اپنا پیشگی و عملی جدول متعلقہ نگران کو پیش کرنا نیز اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تاآخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا۔
4. عاشقانِ رسول کو ایک ماہ، آخری عشرے اور آخری 3 دن کا نفلی/سنت اعتکاف کروانا نیز طے شدہ جدول کا نفاذ کرنا/کروانا۔
5. معتکفین کو 12 دینی کام کرنے، مدنی حلیہ اپنانے اور مختلف کورسز میں داخلے لینے کا ذہن دینا۔
6. دورانِ اعتکاف چھوڑ جانے والے عاشقانِ رسول سے رابطہ کرنا اور انہیں پھر سے اعتکاف میں شرکت کروانا۔
7. شعبے سے وابستہ باثر افراد (معتکفین) کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوتِ اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا۔
8. معتکفین و دیگر شخصیات کے یادِ رمضان و مدنی مذاکرہ اجتماعات کروانے میں متعلقہ نگران کی معاونت کرنا۔
9. تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشن (JD) کا مطالعہ کرنا۔
10. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا اور طے شدہ کارکردگیاں درست اور بروقت متعلقہ نگران کو پیش کرنا۔
11. واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا۔
12. نگران کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: اردو پڑھنا لکھنا جانتا ہو
- **دینی تعلیم**: ناظرہ + 3 دن امیر قافلہ بنا ہو + قافلہ کورس کیا ہو + فیضانِ نماز کورس کیا ہو
- کم از کم 1 ماہ کا رمضان اعتکاف کیا ہو
- Communication Skill

## اپنی دنیا و آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں۔
- شعبے سے متعلقہ شخصیات اور ان کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخل کروائیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- غمی خوشی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ نیز المدینۃ العلمیۃ کے تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔